سوال

(326)انبیاء کرام کی پیدائش

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

کیا انبیاء امر ہوتے ہیں یا ان کی پیدائش بھی ہماری جیسی ہوتی ہے ؟ کیونکہ شعیہ کا عقیدہ ہے کہ انبیاء ہماری طرح پیدا نہیں ہوتے ، بلکہ خدا کا حکم ہوتا ہے اور حمل ہو جاتا ہے ۔ اس پر قرآن و حدیث سے کیا شواہد ملتے ہیں ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

قرآن وحدیث سے ایسی کوئی دلیل نہیں ملتی کہ انبیاء کرام کی پیدائش عام فطرتی طریقے سے ہٹ کر کسی مخصوص طریقے پر ہوتی ہے ۔ صرف سیدنا عیسی بن مریم باپ کے بغیر پیدا ہوئے ہیں ،جن کا تذکرہ قرآن مجید میں موجود ہے ۔ ان کے علاوہ کسی دوسرے نبی کے بارے میں ایسی کوئی روایت نہیں ملتی ۔ شیعہ نے یہ عقیدہ اپنے مخصوص مسائل کی تائید کے لئے گھڑ لیا ہو گا ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد2